discipleship essentials

سبق کے اہم اجزاءِ

خاندانی زندگی

سبق-2 شادی کیلئے تیاری

بہت سارے لوگ شادی رچانے میں بلا سطحی سوچ کو دوڑ پڑتے ہیں۔اس کے لئے بہت سمجھ سوچ سے منصوبہ بندی کی ضرورت ہوتی ہے۔جب آپ شادی کرنے کا فیصلہ کرتے ہیں۔تو اسکا خرچہ اور مناسب تیاری کرنا ضروری ہوتا ہے۔

”کیونکہ تم میں ایسا کون ہے کہ جب وہ ایک برج بنانا چاہے تو پہلے بیٹھ کر لاگت کا حساب نہ کرلے کہ آیا میرے پاس اس کے تیار کرنے کا سامان ہے یا نہیں؟۔ایسا نہ ہو کہ جب نیو ڈال کر تیار نہ کر سکے تو سب دیکھنے والے یہ کہہ کر اس پر ہنسنا شروع کریں کہ۔اس شخص نے عمارت تو شروع کی مگر تکمیل نہ کر سکا۔“

لوقا 14 : 30 - 27

پچھلے سبق میں ہم نے اس بات پر غور کیا کہ شادی کیلئے خدا کا مقصد مسیح اور کلیسیا کی تصویر پیش کرنا ہے۔ وہ شادی کو ہماری (روحانی) بھلائی کیلئے اور اپنے جلال کیلئے استعمال کرتا ہے۔ اس لئے ہمیں شادی کو دنیا سے ہٹ کر ایک مختلف قسم کی تیاری اور نظریے سے دیکھنا چاہیے۔

مسیحی شادی میں یہ سوچنا کہ اس میں میرے لئے کیا فائدہ ہے کوئی معنی نہیں رکھتا۔ یہ بات تو دنیا سکھاتی ہے کہ اس رشتے میں اپنے دل کی بات سنو۔ اور وہ کرو جو تمہیں اچھا لگتا ہے۔ لیکن خدا کا کلام بالکل فرق زبان استعمال کرتا ہے۔ کیونکہ وہ سکھاتا ہے کہ دوسروں سے محبت رکھو۔ بائبل مقدس یہ بیان کرتی ہے۔ ''اس سے بڑھ کر کوئی محبت نہیں دکھاتا کہ وہ اپنی جان اپنے دوستوں کیلئے فدیے میں دے۔'' (یوحنا 15 : 13) اگر یہ بات دوستوں کیلئے سچ ہے تو یہ شادی کیلئے کتنی سچ ہے؟۔ بجائے یہ کہنے کے کہ اس میں میرا کیا فائدہ ہے؟ ایک مسیحی کو یہ پوچھنا چاہیے۔ ''میں اپنی زندگی کی ساتھی کیلئے کیا دے سکتا/سکتی ہوں؟''۔ بلکہ اسکی تیاری سے پہلے ہمیں یہ پوچھنا چاہیے۔ ''کیا میں اس شخص کی خدمت اور اسکو پیار کر سکوں گا/گی؟ یہی قیمت کو جاننا ہے۔ یہی وہ شادی ہے جس سے خدا کا جلال ظاہر ہوگا۔

مسیحی شادی میں ذہنی طور پر یہ سوچنا کہ اس میں میرا کیا فائدہ ہے کوئی مقام نہیں رکھتا۔ یہ بات تو دنیا سکھاتی ہے کہ اس رشتے میں اپنے دل کی بات سنو اور وہ کرو جو تمہیں اچھا لگتا ہے۔ لیکن خدا کا کلام بالکل فرق زبان استعمال کرتا ہے کیونکہ وہ سکھاتا ہے کہ دوسروں سے محبت رکھو۔

آپ شادی کیلئے کتنے تیار ہیں اسے جانچنے کیلئے بہت سارے طریقے ہیں۔ کچھ باتوں میں آپ کو اپنی روحانی بالیدگی کی تسلی۔ اپنی شخصی پاکیزگی اور اپنے ہونے والے ساتھی سے توقعات۔ آپ کی مالی حالت اور اپنی آئندہ خاندانی اُمیدوں کیلئے سوچنا ہوگا۔

آپ شادی کیلئے کتنے تیار ہیں اسے جانچنے کیلئے بہت سارے طریقے ہیں۔ کچھ باتوں میں آپ کو اپنی روحانی بالیدگی کی تسلی ا، اپنی شخصی پاکیزگی اور اپنی ہونے والی ساتھی سے توقعات۔ آپ کی مالی حالت اور اپنی آئندہ خاندانی اُمیدوں کیلئے سوچنا ہوگا۔

پاکیزگی: کیا آپ ایماندار ہیں؟ کیا آپ کسی ہم ایمان سے شادی کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں؟ کیا آپ دیکھ رہے ہیں کہ خداوند آپ کو روحانی زندگی میں ترقی دے رہا ہے اور آپ کی روزانہ زندگی میں روح القدس کام کر رہا ہے؟۔

روحانی ترقی۔ کیا آپ روحانی کردار کو اپنا رہے ہیں جو آپ کو اپنے ساتھی کی بہتر خدمت کیلئے تیار کرے اور آپ خدا کے احکام کے مطابق زندگی گزاریں؟ کیا آپ فروتن بننا اور سیکھنا چاہتے ہیں اور خدا کے کلام کے مطابق اپنی غلطیوں کو سدھارنا چاہیں گے؟

شخصی طہارت۔ جب آپ اپنی زندگی کی ساتھی کیلئے انتظار کر رہے ہیں تو کیا آپ کے خیالات اور کام پاک ہیں اور کیا آپ جذباتی اور جسمانی پاکیزگی کا خیال رکھتے ہیں؟ کیا آپ دل و دماغ سے پاکیزگی کیلئے کوشش کر رہے ہیں تاکہ آپ کی آئندہ ازدواجی زندگی ایک دوسرے سے مقابلہ کرنے کی بجائے یگانگت کا باعث ہو۔

توقعات۔ کیا آپ اپنے زندگی کے ساتھی کیلئے بائبل مقدس کی اقدار کے مطابق خواہش کرتے ہیں؟۔ کیا آپ ایسے ساتھی کی تلاش میں ہیں جو خداوند یسوع کو اولاً پیار کرتا/کرتی ہے۔ اور اپنی زندگی میں روحانی کوشش میں ہوں؟ کیا آپ ایسے ساتھی کی تلاش میں ہیں

جو آپ کو خدا کی بادشاہی میں خدمت کرنے میں مدد دے اور آپ کی روحانی زندگی میں ترقی کا باعث ہو؟ یا وہ محض آپ کو ہی خوش کرے؟۔

مالی معاملات ۔ کیا آپ کے خداداد وسائل کے اچھے مختار ہیں؟ تاکہ آپ اپنے زندگی کے ساتھی کی ضروریات پوری کر سکیں؟ ۔ کہیں آپ اُن کو ضائع تو نہیں کر رہے؟ شادی سے پہلے کیا آپ قرض سے گریز کرتے ہوئے مالی اعتبار سے مضبوط ہیں؟ کیا دھن دولت کے معاملے میں آپ کی عادات مناسب ہیں؟ کیا آپ اپنے مستقبل کے ساتھی سے ہم آہنگ ہوں گے؟ یعنی اپنا بجٹ مل کر بنائیں گے اور مالی معاملات میں اکٹھے کام کریں گے تاکہ آپ خدا کے عطا کردہ وسائل کو اسکے جلال کیلئے اولیت دیں؟۔

خاندانی خواہشات ۔ مستقبل کیلئے آپ اپنے خاندان کو کیسے دیکھتے ہیں؟ کیا آپ نے سوچا ہے کہ اگر خدا آپ کر بچے دے تو وہ کتنے ہوں گے؟ کیا آپ والدین کی ذمہ داری سمجھتے ہیں؟ کیا آپ اُن ضروری خاندانی روایات کو جانتے ہیں جس سے آپ خاندان کو ترقی دے سکیں؟ ۔ کیا آپ اِن باتوں کیلئے اپنے زندگی کے ساتھی کے ساتھ رُو رعایت سے چلیں گے؟ کیا آپ نے خاندان کے موضوع پر کلامِ مقدس کا مطالعہ کیا ہے؟ کیا آپ خاندان کے موضوع پر کسی ہم خیال ساتھی کیلئے دعا کر رہے ہیں؟

مسیحی خاندان قربانی دینے اور دوسروں سے محبت کرنے کے کردار پر بننے چاہیے۔ یہ وہ حقیقی مقام ہے جہاں شادی کو دنیا کی سوچ سے الگ ہونا چاہیے۔ جب مسیحی شادی کو سنجیدگی سے لیتے ہیں اور اسکی تیاری کیلئے اور اسکی شراکت میں شامل ہونے سے خدا کی صورت اور کردار کو ظاہر کرتے ہیں تو دنیا اُن کو دیکھے گی اور اُن کی تعریف کریگی۔ ایک روحانی شادی لوگوں کیلئے قابلِ رشک ہوگی۔ تب لوگ آپ سے پوچھیں گے کہ آپ کی شادی کی کامیابی کا راز کیا ہے؟ یہ کتنی خوشی کی بات ہوگی جب ہم باپ کی نشاندہی کریں گے جس نے شادی کو ڈیزائن کیا اور اس بندھن کو اچھائی اور اپنے جلال کیلئے پیدا کیا۔ لیکن اس قسم کی شادی یونہی وجود میں نہیں آجاتی۔ ہمیں اسکی تیاری کیلئے محنت کرنی ہوگی۔ اسکی قیمت کو سامنے رکھنا ہوگا تاکہ ہم جان سکیں کہ روحانی شادی کا کیا تقاضا ہے اور یہ روحانی خاندان کیسا پھل لا سکتا ہے؟۔

جب مسیحی شادی کو سنجیدگی سے لیتے ہیں اور اسکی تیاری اور اس کی شراکت میں شامل ہونے سے خدا کی صورت کو منعکس کرنے کی کوشش کرتے ہیں تو دنیا اُنکو دیکھے گی اور اُن کی تعریف کریگی۔ ایک روحانی شادی لوگوں کیلئے قابلِ رشک ہو گی۔ تب لوگ آپ سے پوچھیں گے کہ آپ کی کامیاب شادی کا کیا راز ہے؟

اعادہ:

- شادی، زندگی کا انتہائی اہم اور تبدیلی لانے والا پہلو ہے۔اس کو سطحی یا خودغرضی سے نہیں لینا چاہیے۔اسکی تیاری اور اسکی قیمت کا سوچنا بہت ہی ضروری ہے۔

- مسیحی ہوتے ہوئے یہ سمجھنا ضروری ہے کہ شادی دنیا کے طریقے سے نہیں بلکہ خدا کے کلام کے مطابق کیسی نظر آتی ہے؟ اس لئے کہ شادی کیلئے ہماری تیاری، ہمارے غیر ایماندار دوستوں اور پڑوسیوں سے بہت مختلف ہے۔

- جب ہم شادی کی خوب تیاری کریں اور شادی کیلئے خدا کے طریقے کو اپنائیں تو دنیا دیکھے گی اور اس شادی کے پیش کرنے کی صورت میں خداوند مسیح کی خوبصورتی کی طرف کھینچی چلی آئیگی۔

آپ اپنی بات کیجئے۔

- جب آپ شادی کیلئے انتظار رہے ہوں تو وہ کونسے سوال ہیں جنہیں آپ سوچ رہے اور جانچ رہے ہوتے ہیں جو آپ کیلئے بڑی ہمت افزائی کا باعث بنتے ہیں؟۔اُن میں کونسے زیادہ چیلنج کرتے ہیں؟ خداوند سے دعا کریں اور کہیں کہ وہ اُن کے خاص طریقے اپنانے کیلئے آپ کی مدد فرمائے۔

- اگر آپ پہلے ہی شادی شدہ ہیں اور اسے پڑھ کر آپ کو افسوس ہو رہا ہو کہ آپ کی شادی ایسے شروع نہیں ہوئی تھی تو یہ جان کر ہمت باندھیئے کہ اسکی قیمت جاننے کیلئے ابھی دیر نہیں ہوئی بلکہ آپ اپنی باقی ماندہ زندگی کیلئے بہتر تیاری کیجئے۔خداوند کسی بھی ٹوٹی چیز بمع شادی کو بحال کر سکتا ہے۔اسکی طرف رجوع لائیں اور اس سے شفا اور رہنمائی کی درخواست کریں۔

- اگر آپ عمدہ روحانی ازدواجی رشتے میں ہیں تو اپنے گھر کیلئے خدا کی تمجید کریں۔خدا سے دعا کریں کہ وہ آپ کے پاس ایسے لوگ بھیجے اور آپ کی زندگی میں ایسے مواقع لائے جس سے آپ اسکے نام کو جلال دیں اور شادی کی اصل تصویر پیش کریں۔آپ اپنی روحانی ازدواجی زندگی کو بشارت کیلئے کیسے استعمال کر سکتے ہیں جو آپ کو حیرانی سے دیکھیں یا آپ کو اُن کو شاگرد بنانے کیلئے استعمال کرے جو آپ کی مثال دیکھتے ہیں؟

کتاب مقدس کی آیات کا ترجمہ پاکستان بائبل سوسائٹی کے ترجے کے مطابت کیا گیا ہے۔جمہ حقوق محفوظ ہیں۔

۲۰۱۹۔ٹرانس ورلڈ ریڈیو کا باقی کا تمام مواد کسی بھی طریقے سے استعمال کیا جا سکتا ہے بشر طیکہ آپ اُسے دُنیا کو مسیح سے متعارف کرانے میں استعمال کریں۔اور دوسروں سے اس مٹیریل کے استعمال کی قیمت وصول نہ کریں۔ لائسنس کی تفصیلات کیلئے دی گئی ویب سائٹ پر دیکھئے

www.discipleshipessentials.org/licensing